جمعرات ۱۷ / ستمبر ۲۰۱۵ء
8
17-09-2015

انجمن اسلام کالسیکر ٹیکنیکل کیمپس کی جانب سے

''کینسر اور ٹرانسلیشنل تحقیق'' پر سیمینار



ممبئی ۱۶ / ستمبر (سعدیہ مرچنٹ) انجمن اسلام کالسیکر ٹیکنیکل کیمپس کے زیر نگرانی میں چلنے والے اسکول آف فارمیسی کے ماتحت ''کینسر اور ٹرانسلیشنل تحقیق'' موضوع پر ایک متاثرہ کن قومی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ اس کانفرنس کا اصل مقصد نہ صرف تمام ماہرین تعلیم، صنعت کاروں کو ایک پلٹ فارم پر مدعو کرنا تھا بلکہ اس تقریب کے ذریعے اس شعبہ سے منسلک ماہر محترم اشوک ویدیہ، انجمن اسلام نئی ممبئی کے ایکزیکٹیو برحان حارث، عبدالزاق ڈائریکٹر، پنویل شہر کے سابق صدر سعید ملاّ، ڈاکٹر رجنی ڈین ایس او پی کی موجودگی میں اس مضر بیماری کے تعلق سے بیداری کو منظر عام پر لانا تھا۔ ٹیکنیکل میشن کا اانعقاد کرتے ہوئے ڈاکٹر راجکمار رہلور، ڈاکٹر وکرم، ڈاکٹر نلینی شاستری، ڈاکٹر منگل ناگر نے اپنی گراں قدر آرا سے سامعین کو استفادہ کروایا ساتھ ہی پروین جادھو اور ڈاکٹر شروتی اگروال نے اپنی تحقیقی تجربات موثر انداز میں پیش کیے۔ کانفرنس کے اختتام اسکول کے طلبہ وطالبات کے ذریعہ بنائے گئے پوسٹر اینڈ پرزینٹیشن میں امتیازی کامیابی حاصل کرنے والے بچوں میں تقسیم انعامات دے کر ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ اس کانفرنس میں قرب وجوار کے مختلف تعلیمی اور تحقیقی انجمن ادارے سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔ کانفرس کو کامیابی کی منزلوں تک پہنچانے میں ادارے کے اساتذہ، طلبہ اور رضا کاروں نے محوری رول ادا کیا۔